
# حیسکو پریس ریلیز مورخہ 28.07.2026:

**بجلی چور ہمارا دشمن ہے، ہماری تمام تر توجہ بجلی چوروں کا مکمل خاتمہ کرنے اور نادہنگان سے 100% واجبات کی وصولی کرنا ہے، حیسکو انتظامیہ کا ڈی ایس یو کی مدد سے بجلی چوروں اور نادہندگان کے خلاف ریجن بھر کی مختلف سب ڈویژن رضوی، کوہسار، ٹنڈو الہیار-I، بھان سعید آباد، سٹیلائیٹ ٹاؤن اور ہیر آباد میر پور خاص میں کارروائیاں کی گئیں، ریجن بھر میں 336 غیر قانونی کنیکشن منقطع کئے گئے، 1235 میٹر پی وی سی قبضے میں لے لی گئی، جبکہ واجبات کی مد میں 18 لاکھ 30 ہزار سے زائد کے وصولی کی گئی۔ حیسکو ترجمان۔**

**19 جنوری 2025 سے جاری آپریشن کے دوران اب تک 65082 غیر قانونی کنیکشن منقطع کئے جا چکے ہیں جب کہ 1050 ملزمان کو گرفتار کیا گیا، 3014 عدد الیکٹرک میٹر منقطع کیے گئے 361216 میٹر پی وی سی منقطع کی گئی ہے، 862 عدد ٹرانسفارمرز منقطع کیے گئے ہیں۔ حیسکو ترجمان**

حیدرآباد (پ ر) حیسکو ترجمان کے مطابق چیف ایگزیکٹیو آفیسر فیض اللہ ڈاہری کی ہدایت پر بجلی چوروں اور نادہنگان کے خلاف بلاتفریق کارروائیاں جاری ہیں بجلی چوری کا مکمل خاتمہ کرنے اور نادہنگان سے 100% واجبات کی وصولی کرنا ہے، حیسکو انتظامیہ کا ڈی ایس یو (ڈسکوز سپورٹنگ یونٹ) کی مدد سے بجلی چوروں اور نادہندگان کے خلاف ریجن بھر کی مختلف سب ڈویژن رضوی ،کوہسار، ٹنڈو الہیار-I، بھان سعید آباد، سٹیلائیٹ ٹاؤن اور ہیر آباد میر پور خاص میں کارروائیاں کی گئیں، ریجن بھر میں 336 غیر قانونی کنیکشن منقطع کئے گئے، 1235 میٹر پی وی سی قبضے میں لے لی گئی، جبکہ واجبات کی مد میں 18 لاکھ 30 ہزار سے زائد کے وصولی کی گئی، 19 جنوری 2025 سے جاری آپریشن کے دوران اب تک 65082 غیر قانونی کنیکشن منقطع کئے جا چکے ہیں جب کہ 1050 ملزمان کو گرفتار کیا گیا، 3014 عدد الیکٹرک میٹر منقطع کیے گئے 361216 میٹر پی وی سی منقطع کی گئی ہے، 862 عدد ٹرانسفارمرز منقطع کیے گئے ہیں، جبکہ واجبات میں سے 1 ارب 38 کروڑ 58 لاکھ سے زائد ریکور کیے گئے ہیں، تفصیلات کے مطابق ایس ای آپریشن سرکل حیدرآباد عقیل نور میمن کی ہدایت پر ڈویژن لطیف آباد I کی سب ڈویژن رضوی، ڈویژن لطیف آباد-II کی سب ڈویژن کوہسار اور ڈویژن ٹنڈو الہیار کی سب ڈویژن ٹنڈو الہیار-I میں کارروائیوں کے دوران 270 غیر قانونی کنیکشن منقطع 560 میٹر غیر قانونی تار کاٹ کر تحویل میں لی گئی جبکہ واجبات کی مد میں 9 لاکھ سے زائد کی ریکوری کی گئی، اسی طرح ایس ای آپریشن سرکل لاڑ سہیل احمد شیخ کی ہدایت پر ڈویژن کوٹری کی سب ڈویژن بھان سعید آباد میں کارروائیوں کے دوران 63 غیر قانونی کنکشن اور 115 میٹر غیر قانونی لگائی گئی بجلی کی تاریں کاٹ کر تحویل میں لی گئیں جبکہ واجبات کی مد میں 4 لاکھ سے زائد کی ریکوری کی گئی، ایس ای آپریشن سرکل میر پور خاص فرمان علی ڈاہانی کی ہدایت پر ڈویژن میر پور خاص کی سب ڈویژن سٹیلائیٹ ٹاؤن اور سب ڈویژن ہیر آباد میں کارروائیوں کے دوران 46 غیر قانونی کنکشن اور 560 میٹر غیر قانونی لگائی گئی بجلی کی تاریں کاٹ کر تحویل میں لی گئیں جبکہ واجبات کی مد میں 4 لاکھ 30 ہزار سے زائد کی ریکوری کی گئی، واضح رہے کہ حیسکو چیف ایگزیکٹیو آفیسر فیض اللہ ڈاہری کی ہدایات پر نادہندگان اور بجلی چوروں کے خلاف بلاتفریق کارروائیاں جاری ہیں واجبات کی 100 فیصد وصولی یقینی بنائیں اور صارفین اپنے ذمہ بجلی کے واجبات فوری ادا کریں بصورت دیگر بجلی منقطع کی جائے گی اور قانونی کارروائی عمل میں لاتے ہوئے صارف کی گرفتاری عمل میں لائے جائے گی اور بجلی چوری کرنے والا ملک وقوم کا مجرم ہے لہذا کسی بھی صورت نہیں چھوڑا جائے گا، اس کے ساتھ ساتھ مختلف سب ڈویژنوں نے اپنے اپنے علاقوں میں بلوں کی ادائیگی کے لیے اعلانات کا سلسہ بھی جاری رکھا ہوا ہے، حیسکو انتظامیہ اپنے معزز صارفین سے اپیل کرتی ہے کہ بجلی کے بل بروقت جمع کروائیں اور اپنے ذمہ بجلی کے واجبات فوری طور پر ادا کریں بصورت دیگر رینجرز، پولیس اور دیگر حساس ادارے اس صارف کو پکڑے گے تو وہ خود اس کا ذمہ دار ہوگا ہماری کارروائیاں بلاتفریق جاری ہیں اور بجلی چوری کے خاتمہ تک جاری رہیں گیں، بجلی چور ملک، قوم اور حیسکو کی ترقی میں رکاوٹ ہیں، عوام کھلی کچہریوں میں بھرپور آئیں اور اپنے جائز مسائل حل کرائیں، اسکے ساتھ ساتھ عوام کو چاہیے کہ واجبات کی ادائیگی مقررہ وقت پر کی جائے تا کہ بجلی کی فراہمی میسر ہو سکے، بصورت دیگر بجلی منقطع کرنے کے علاوہ سخت قانونی کاروائی عمل میں لائی جائے گی۔ حیسکو چیف ایگزیکٹو آفیسر فیض اللہ ڈاہری نے صارفین سے اپیل کی ہے کہ عوام بجلی چوری کرنے والوں کے خلاف حیسکو کا ساتھ دیں تا کہ اس برائی کو مکمل ختم کیا جا سکے، بجلی کے بل بروقت ادا کریں تا کہ حیسکو آپ کو مزید بجلی کی بہتر سروس فراہم کر سکے، کیونکہ حیسکو ایک کمرشل ادارہ ہے، جو بجلی کی بلوں کی ادائیگی کے بغیر اپنا نظام نہیں چلا سکتا۔ آپ کے تعاون کے متمنی حیسکو۔



حیسکو چیف ایگزیکٹیو آفیسر فیض اللہ ڈاہری کی ہدایت پر بجلی چوری کا مکمل خاتمہ کرنے اور نادہنگان سے 100% واجبات کی وصولی کرنا ہے، حیسکو انتظامیہ کا ڈی ایس یو (ڈسکوز سپورٹنگ یونٹ) کی مدد سے بجلی چوروں اور نادہندگان کے خلاف ریجن بھر کی مختلف سب ڈویژن میں بلاتفریق کارروائیاں جاری ہیں